بھوٹان کے وزیر اعظم کے ساتھ وزیر اعظم باہمی ملاقات اور مفاہمت ناموں کا تبادلہ

22 مارچ 2024

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے بھوٹان کے وزیر اعظم کی طرف سے اپنے اعزاز میں دیے گئے ورکنگ لنچ پر عزت مآب جناب شیرنگ ٹوبگے سے تھمپو میں ملاقات کی۔ وزیر اعظم نے وزیر اعظم ٹوبگے کے غیر معمولی عوامی استقبال کے لیے شکریہ ادا کیا، جس میں عوام نے پارو سے تھمپو کے سفر کے دوران زوردار استقبال کیا۔

2. دونوں رہنماؤں نے کثیر جہتی دوطرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا اور قابل تجدید توانائی، زراعت، نوجوانوں کی آمدو رفت، ماحولیات اور جنگلات اور سیاحت جیسے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے ایک سمجھوتہ کیا۔ ہندوستان اور بھوٹان کے درمیان دیرینہ اور غیر معمولی تعلقات ہیں جن کی خصوصیات ہر سطح پر انتہائی اعتماد، خیر سگالی اور باہمی افہام و تفہیم سے ہوتی ہے۔

3. اس اجلاس سے قبل وزیر اعظم مودی اور بھوٹان کے وزیر اعظم نے توانائی، تجارت، ڈیجیٹل کنیکٹیوٹی، خلائی، زراعت، نوجوانوں کے درمیان رابطوں کے بارے میں کئی مفاہمت ناموں/معاہدوں کا تبادلہ کیا گیا۔

https://bit.ly/3xa8U7y

تھمپو
22 مارچ، 2024